Scanned by CamScanner

باسمہٖ و سبحانہٗ تعالیٰ

قال النبی صلی الله علیه وسلم

من ادعی الی غیر ابیه وهو لعلم انه غیر ابیه فالجنة علیه حرام

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کی جو اپنے باپ کو چھوڑ کر کسی اور کو باپ بناوے اور جانتا بھی ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں ہے تو اس پر جنت حرام ہے

الحمد الله علی احسانه که کتاب مستطاب

مسمے به

مورث اعلیٰ کی پہچان

جس میں

موضع جگن پور وموضع چرہ محمد پور وموضع بھیٹورہ وموضع رسولپور وموضع ہری پور وموضع بن بیر پور (پرگنہ منگلسے تحصیل وضلع فیض آباد) کے مورث اعلیٰ رائے بسائی سنگھ یعنی بھیکن خاں کے مشرف بہ اسلام ہونے کی مختصر کیفیت ونیز موجودہ مسلم راجپوت باشندگان موضع جگن پور کا نسب نامہ کتاب کے آخر میں مرقوم ہے علاوہ ازیں ہم برادران مورث اعلیٰ کی تمام اولادیں جن سے آجتک مواضعات مذکورہ بالا آباد ہیں آپس میں کیسے تعلقات رکھنے چاہئیں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے تاکہ موجودہ وآئندہ آنے والی نسلیں ایک دوسرے کو پہچان سکیں۔

از تالیف لطیف

جناب مولانا مولوی حافظ وقاری محمد عبدالرؤف خانصاحب جگنپوری ضلع فیض آباد

باہتمام: محمد مجید حسن مدینہ پریس بجنور میں طبع کرا کے مولانا محمد عبدالرؤف خانصاحب نے شائع کیا۔

باراوّل تعداد: ۲۵۰ عدد، سنہ ۱۹۵۲ء

باردوم: حاجی احمد اللہ خاں سنہ ۱۹۸۷ء

بارسوم حاجی احمد اللہ خاں اپریل سنہ ۲۰۰۶ء

نام کتاب: مورث اعلیٰ کی پہچان

مصنف: جناب مولانا ومولوی وقاری حافظ عبدالرؤف خانصاحب جگنپوری

سن اشاعت پہلا ایڈیشن: مورخہ ۲۸ ربیع الاول ۱۳۷۱ھ مطابق ۱۹۵۲ء

تعداد: ۵۰۰

مطبوعہ: محمد مجید حسن مدینہ پریس بجنور

اضافہ کے ساتھ دوسری بار

سن اشاعت: مورخہ ۱۳ مئی ۱۹۸۱ء مطابق ۸ رجب المرجب ۱۴۰۱ھ

اضافہ: جناب حاجی احمد اللہ خانصاحب نے اضافہ کر کے چھپوا کر شائع کیا

تعداد: ۵۰۰

مطبوعہ: مرکزی پریس محلّہ ٹکسال فیض آباد،

اضافہ کے ساتھ تیسری بار

سن اشاعت: مورخہ ۱ مارچ ۲۰۰۶ء مطابق ۱۴۲۶ھ

مصنف: جناب حاجی احمد اللہ خاں صاحب جگن پور فیض آباد

تعداد: ۵۰۰

مطبوعہ: مرکزی پریس محلّہ ٹکسال فیض آباد، فون نمبر 226249

قیمت: ۲۰ روپئے

مختصر تذکرہ مصنف کتاب ہٰذا

ہماری طرف سے کتاب ''مورث اعلیٰ کی پہچان'' کے دوبارہ شائع کرنے کی اطلاع جب گجرات کے مدرسہ فلاح دارین کے مدرس مولانا ذوالفقار احمد کو ملی تو انھوں نے اس مناسبت سے کہ وہ کتاب کے اصل مرتب حضرت مولانا عبدالروٴف خانصاحب رحمۃ اللہ سے انکی کتابوں اور حالات زندگی سے کافی واقفیت رکھتے ہیں۔ مندرجہ ذیل مضمون کتاب میں شریک اشاعت کرنے کے لئے ارسال فرمایا ہے۔ ہم مولانا کے شکریہ کے ساتھ اس کو شائع کررہے ہیں۔

خاکسار احمد اللہ خاں جگن پور فیض آباد

منجانب حضرت مولانا سیّد ذوالفقار احمد صاحب نردری زید مجدہ استاذ حدیث شریف دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر ضلع سورت (گجرات)۔

مجھے اپنے سبق کے ساتھی اور مخلص و محترم دوست جناب قاری انیس احمد خاں صاحب کے بذریعہ یہ معلوم کرکے بے انتہا مسرت ہوئی کہ ان کے والد بزرگوار حضرت مولانا قاری محمد عبدالروٴف خانصاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مرتب کردہ کتاب مورث اعلیٰ کی پہچان'' کچھ اضافوں کے ساتھ دوبارہ شائع کی جارہی ہے تو داعیہ پیدا ہوا کہ حضرت مولانا کی شخصیت اور ان کی دینی حمیت اور مسلم قوم کی انھوں نے جو خدمت کی ہے اس سلسلہ میں کچھ لکھوں مندرجہ ذیل مضمون اسی جذبہ کا آئینہ دار ہے۔

مصنف

مختصر تذکرہ فخر جگن پور جید عالم دین قاری و حافظ عالم ربانی اصلاح المسلمین کے جذبہ سے سرشار ملت کے دردمند دسیوں کتابوں کے مصنف و مرتب خود نمائی اور شہرت سے دور گوشہ نشین زہد و تقویٰ کے پیکر حضرت مولانا محمد عبدالروٴف خانصاحب رحمۃ اللہ علیہ اس خاک دان عالم میں خداوند قدوس کی لامحدود نعمتیں پھیلی ہوئی ہیں یہ نعمتیں اپنی تاثرات فوائد

اور وسعت کے اعتبار سے اگرچہ مختلف ہیں مگر ان کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا بعض چیزیں دیہات میں پیدا ہوتی ہیں مگر بڑے بڑے شہران اشیاء کے محتاج ہوتے ہیں بعض جڑی بوٹیاں ایسی خارزار وادیوں میں پیدا ہوتی ہیں جہاں انسان جانا بھی گوارا نہیں کرتا مگر بڑے بڑے ترقی یافتہ دواساز کارخانے ہر وقت ان کی تلاش میں رہتے ہیں اور ان سے لاکھوں کا سرمایہ کماتے اور ہزاروں لوگوں کو ان سے بنی ادویہ کے ذریعہ موت وحیات کی کشمش سے نجات دلاتے ہیں ٹھیک اسی طرح اللہ کی پیدا کردہ مخلوق میں بعض انسان اتنے قیمتی اتنے اعلیٰ اتنے غیر معمولی صلاحیت کے مالک ہوتے ہیں کہ عام انسان انکی روحانیت تقویٰ علمی لگن دینی حمیت وغیرت فکر آخرت لوگوں کی اصلاح کا خیال اور ہمہ وقت اس کے لئے تن من دھن کی بازی لگا دینے کے جذبہ کے آگے متحیر ہو کر رہ جاتا ہے یہ ضروری نہیں کہ ایسے اعلیٰ اوصاف کے مالک شخصیات کسی ترقی یافتہ شہر ہی میں پیدا ہوں بلکہ لاکھوں ایسی مثالیں موجود ہیں کہ ایسی بلند و بالا عزم ثبات کی نادر ہستیاں بعض انتہائی غیر معروف قریوں کی پیداوار تھیں۔

جگن پور جیسے انتہائی معروف و پس ماندہ قریہ سے ایسا ہی ایک اللہ کا پیارا بندہ محمد عبد الرؤف خاں کے نام سے اٹھا جس نے اپنے اس چھوٹے سے گاؤں کو علم وحکمت کی روشنی سے محروم پا کر انتہائی غربت وافلاس کی حالت میں سیکڑوں میل کا سفر کیا اور باوجود حالات کی بے پناہ نامساعدت کے گیارہ سال کی طویل جدوجہد کر کے علوم نبوت اور اللہ کے کلام کو حاصل کیا دردر کی خاک چھانی مگر علم کے موتی چن چن کر اپنے پھٹے پرانے دامن میں بھرے اور پھر ساری زندگی مسلمانوں کی دینی خدمت قرآن مجید کی تعلیم اور صحیح اسلامی اخلاق وعادات کو ایک ایک مسلمان تک پہونچانے کے لئے وقف کر دی جہاں بھی سنت مٹتے دیکھا جس جگہ حضور ﷺ کے طریقے کی مخالفت پائی وہاں آواز بلند کی بلا کسی خوف وخطر کے وہ ہر آتش نمرود میں کود پڑا۔ لوگوں نے ملامت کی برا بھلا کہا مصالحت کی دعوت دی مگر انھوں نے حق کے سامنے کبھی کسی دنیاوی مصلحت کے لئے ناحق کے ساتھ مصالحت گوارا نہیں کی ساری زندگی درویش رہے زہد وتقویٰ کو اپنے اکابر سے وراثت میں پایا تھا کسی قیمت سے

ہاتھ سے نہ جانے دیا ان کو ایسے ملکوں میں دین کی خدمت کا موقعہ ملا جہاں دولت پانی کی طرح بہہ رہی تھی اگر وہ چاہتے تو اپنے لئے عیش کے بھرپور سامان مہیا کر سکتے تھے مگر انھوں نے حضور ﷺ کی سنت کو زندہ کرتے ہوئے نان جویں ہی پسند کیا الفقر فخری کو اپنا ایسا شعار بنایا کہ سیکڑوں شاگردوں اور محبین اور متوسلین کے باوجود ایک ڈھنگ کی جھونپڑی بھی اپنے لئے نہیں بنائی ساری زندگی تعلیم وتعلم رشد واصلاح زہد وتقویٰ کو زندگی کا شعار بنایا اور اسی پاکبازانہ زندگی کے ساتھ اس خاکدانِ عالم کو خیر باد کہکر ۹/اکتوبر ۱۹۵۶ء اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے یہ ہی ولی صفت انسان وہ مولانا محمد عبدالرؤف خاں جگن پوری تھے جن کو آج ان کی علمی اور اصلاحی کتابوں سے سارا ہندوستان جانتا پہچانتا اور ان کے علمی ذخیرہ سے فائدہ اٹھا رہا ہے بات کہنے کی نہیں مگر افسوس کیساتھ کہنی پڑ رہی ہے کہ یہی جگن پور جہاں یہ علمی اور ولی صفت شخصیت پیدا ہوئی جس نے اپنے خون وجگر سے اس قریہ کی آبیاری کرنی چاہی جو یہاں کے لوگوں کے لئے برسوں راتوں کو رویا جس نے اپنے گھر چبوترے پر بیٹھ کر ایک ایک بچے کو بلا بلا کر پیارے اللہ کا کلام پڑھایا مگر اہل جگن پور کی یہ بدقسمتی رہی کہ انھوں نے نہ تو مرحوم کی حیات میں اس سے بے پناہ اخلاص کی قدر نہ کی اور نہ وصال کے بعد ہی اپنے اس گوہر آبدار پر فخر کیا جبکہ اس کی علمی واصلاحی خدمات کا سارا ملک معترف ہے آج اس قریہ کا تعارف مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے نام کا مرہون منت ہے۔

خاکسار ذوالفقار احمد غفرلہٗ

۱۲/مارچ ۱۹۸۲ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وجہ تسمیہ موضع جگن پور

عرصہ تین سو برس کا گذرا ہوگا کہ زین خاں مورث اعلیٰ ہمارے کہ جن کا مسکن ابتدا سے موضع چرہ محمد پور میں تھا جنگل قطعہ کرا کے بناء آبادی اس موضع کی قائم کی پہلے جگن نامی گڈریہ نو آباد تھا بمناسب نام گڈریہ مذکور کے جگن پور نام رکھا بریں وجہ یہ موضع جگن پور موسوم عام ہوا۔ جگن پور عرف بوبو پور بھی اس موضع کو دفتر سرکاری میں لکھتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ بعد انتقال زین خاں مورث اعلیٰ کے ان کی زوجہ نے جو باسم عرف بوبو موسوم تھیں اس موضع میں آکر آبادی اختیار کی اس زمانے سے عوام میں یہ موضع باسم جگن پور عرف بوبو پور موسوم کیا درمیان میں یہ موضع کبھی ویران نہیں ہوا شخص غیر کے قبضہ میں نہیں گیا۔ اولاد مورث اعلیٰ مذکور علی الترتیب یکے بعد دیگرے قابض و متصرف چلی آتی ہے ۱۲۴۱ فصلی سے یہ محال تعلقہ مہدیونہ میں راجہ مان سنگھ نے شامل کر لیا جب سے یہ محال تعلقہ مہدیونہ میں شامل چلا آتا ہے اب اس بندوبست پختہ میں یہ محال حسب الحکم عدالت بندوبست بحیثیت قبضہ داری مظہران کے قبضہ میں ہے۔

ذکر تقسیم آمدنی شاملات:۔

یہ محال بہ شکل پٹی داری ناممکن ہے ہر ایک تھوک و پٹی باسم قاسمان مندرج کاغذات ہے موضع جگن پور موضع بھکھاری پور میں صرف سیر تقسیم ہے باقی اسامیوار مشترک ہے فی الحال نسبت تقسیم آراضی مشترکہ کے باہم مالکان میں کچھ تکرار نہیں ہے آئندہ اگر خواہش کسی حصہ دار کو واسطے تقسیم آراضی مشترکہ کے ہوگی تو مجاز ہوگا حسب قائدہ پختہ سرکار تقسیم کرالیوے۔ لگان آراضی مشترکہ بروے پھاٹ مرتب پٹواری ہر ایک سرغنہ پٹی جس کے نام سے پٹی قائم ہے

جداگانہ تحصیل کر کے مطالبہ یافتنی تعلقہ دار ادا کرتا ہے مچھلی تالابوں کی باشندگان دیہہ سے نکلوائی جاتی ہے نصف مچھلی برآوردگان کو مجرا دیکر نصف مچھلی ہم مالکان تقسیم کر لیتے ہیں تنی موضع بھکہاری پور میں ہوتی ہے نصف باندھنے والے کو دی جاتی ہے نصف ہم مظہران لیتے ہیں۔

ذکر تقسیم ترکہ انتقال حقیت:۔

اس بارے میں جو دستور و رواج ہمارے خاندان میں ہے ذکر اس کا دستور العمل رواج عام رکھا گیا ہے موافق اس کی پابند رہیں گے۔

ذکر ادائے مطالبہ سابق وحال وآئندہ عہد شاہی و بندوبست سرسری ۱۲۶۶ فصلی میں مبلغ (دوہزار تین سو چوالیس) روپیہ جمع اس محال کی ادا کی جاتی ہے اب اس بندوبست پختہ میں جمع اس محال کی مبلغ (دوہزار پانچ سو بیاسی روپیہ تیرہ آنہ دو پائی) یافتی تعلقہ دار سالانہ قرار پائی ہے۔ چنانچہ جمع مشخصہ بلاعذر آفت ارضی وسماوی تعلقہ دار کو ادا کیا کرے گی۔

اصل شجرہ مرتب ۱۹۶۸ء سے اقتباس کیا گیا (شجرہ ہٰذا موجود ہے)

احمد اللہ خاں ابن مہتاب علی خاں

ساکن موضع جگن پور تحصیل و ضلع فیض آباد

بسم الله الرحمن الرحیم

کتاب (مورث اعلیٰ کی پہچان) کے مصنف حضرت مولانا محمد عبدالرؤف خاں صاحب قبلہ نوراللہ مرقدہٗ قدسرہٗ العزیز نے انتہائی جانفشانی اور محنت سے جناب ٹھاکر رائے بسائی سنگھ صاحب عرف بھیکن خاں صاحب کا دائرہ اسلام میں داخلہ اوران کے بعدان کی اولاد دویم جناب زین خاں صاحب کا نسب نامہ وشجرہ لکھ کر مسلم راجپوت برادری جگن پور پر احسان عظیم کیا ہے اور وہ کارہائے نمایاں انجام دیا ہے کہ مجھ جیسے بے بضاعت علم کو قلم اٹھانے کا ذوق و حوصلہ ملا اور آئندہ آنیوالے صاحب علم ودانش کے لئے مشعل راہ بھی ہے اس لئے ضروری ہے کہ مصنف گرامی کا مختصر تعارف رقم ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہ ہوگا اور بہتر رہے گا۔

تعارف مصنّف گرامی

محمد عبدالرؤف خاں نے حافظ شجاعت علی خاں صاحب کے گھرانے میں آنکھ کھولی جو مسلم راجپوت برادری جگن پور میں سب سے پہلا خاندان ہے جس میں علم دین حاصل کرنے والے پہلے شخص جناب حافظ شجاعت علی خاں صاحب ہیں حافظ صاحب نے حفظ مکمل موضع بھونکا ضلع گونڈہ میں کیا ہے۔ بعدہٗ ایک عرصہ تک مسجد ٹاٹ شاہ شہر فیض آباد میں امام تراویح بھی رہے ہیں۔

محمد عبدالرؤف خاں کے والد حفیظ اللہ خاں صاحب اسی گھرانے کے چشم و چراغ تھے جو اپنے کمسن بیٹے کو چھوڑ کر اللہ کو پیارے ہو گئے۔ باپ کا سایہ اٹھ جانے سے تعلیم کا ذوق جو خالص دینی رہا اس میں تعطل پیدا ہو گیا اور فکر معاش میں رنگون (برما) کا سفر کرنا پڑا وہاں کسی مولوی سے جو کچھ بھی تعلیم حاصل کی ہو اس میں عملیات کا جز بھی رہا ہے۔ صغر سنی کے باعث ذمہ دار متعلقین کو جب اس کا علم ہوا تو عملیات کے فعل سے مانع رکھا، چونکہ علم دین مقدر ہو چکا تھا اس لئے اس کے حصول کا ذوق وجذبہ نہ کم ہوا اور نہ رکا۔ رنگون سے واپسی پر مدرسہ امینیہ (دلی) کا رخ کیا وہاں سخت دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔

بسا اوقات بھنے ہوئے چنے پر اکتفا رہا۔ ننہال مرفع حال ہوتے ہوئے بھی انکی شان خودداری نے کسی کے سامنے دست طلب دراز نہیں ہونے دیا اور اس کسمپرسی کے عالم میں

مدرسہ سے عالم، فاضل، مولوی، حفظ وقاری کی سندیں لیکر اپنے وطن مالوف جگنپور واپس آئے۔اس وقت مسلم راجپوت برادری میں عموماً علم وادب کا فقدان رہا ہے خصوصاً جگن پور تو اور بھی روبہ زوال رہا ہے۔ یہاں ہر شعبہ زندگی میں لادینی کا دخل رہا ہے اور ایسا سماج بنا ہوا تھا جو صرف رسم ورواج کا تابع ہو۔

علم دین سے مالا مال جناب مولانا عبدالرؤف خانصاحب جو غیرت خودداری اور اتباع شریعت نبوی مسلم سانچے میں ڈھلے ہوئے عزم صمیم لیکر جگن پور واپس آئے کی یہاں سے شرک وبدعت کا صفایا کریں گے۔تبلیغ شروع کی اول اول تو بہت ہی سخت بلکہ جانلیوا مخالفتوں کا سامنا ہوا رفتہ رفتہ لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا۔

دین برحق کا پرچم بلند ہوا اور شرک وبدعت اور رسم ورواج غیر اسلامی نے دم توڑا خاکسار کو اکثر مولانا موصوف کی صحبت میں بیٹھنے کا اتفاق ہوا۔موصوف کی مشفقانہ نظر کرم بھی مجھ ناچیز پر رہی۔دوران گفتگو اس کا انکشاف بھی ہوا ہے کہ آپ نے بالآخر تسخیر جن کے عمل کو مکمل کر ہی لیا تھا لیکن اس کو ذریعہ معاش کے لئے کبھی استعمال نہیں کیا۔ بلکہ آخر عمر میں جیسا کہ مجھ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام کی لاج رکھنے کے لئے اس کام کو کر دیتا ہے جو عمل کے ذریعہ طلب کیا جاتا ہے۔مگر وہ کام ہرگز درست نہیں ہے کیونکہ وہ مرضی مولا کے خلاف ہوتا ہے۔اس پر میرے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا کہ مولانا کی تصوف سے وابستگی ہوگئی ہے اس لئے کہ ایسے خیالات تو علمائے باطن کے ہی ہوا کرتے ہیں۔

مودبانہ گذارش کی کہ کیا آپ نے تصوف کا راستہ اختیار کر لیا ہے جواب اثبات میں ملا پھر دوسرا سوال کہ آپ کون سی منزل میں ہیں لا یا الاّ اس کا جواب صرف یہ تھا کہ اب اور آگے بڑھنے کے لئے مجھے تجدید بیعت کی ضرورت ہے کوئی پیر نزدیک نظر نہیں آتا اور اگر ہے بھی تو لمبی مسافت جو درازی عمر کی بنا پر ناممکن ہے سفر کرنے سے مجبور ہوں ورنہ تجدید بیعت ضرور کرتا اس ضمن میں کچھ سوالات بھی ہوئے لیکن اس پر سکوت رہا سمجھ گیا کہ وہ ہماری فہم وفراست سے پرے ہے کیونکہ ولی را ولی شناسد۔

ظہور کرامات

ایک سال زبردست خشک سالی سے عوام بے حد پریشان ہوئے لوگ آکر مولانا صاحب کے گرد جمع ہوئے التجا کی کہ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ بارش ہو جائے تا کہ سب کو راحت ملے۔آپ نے نماز استسقاء کے لئے سب کو بمقام بندھوا پر جمع ہونے کو کہا مسلم وغیر مسلم سب نہا دھو کر اپنے جانوروں کو ساتھ لیجا کر بندھوا پر جمع ہوئے۔گاؤں میں موجود ماؤں نے اپنے بچوں کو دودھ نہیں پلایا اور جمع ہونے والے لوگ بھی صائم رہے مولانا نے نماز استسقاء پڑھی گریہ درازی سے اللہ کے حضور دست اٹھایا دعا ختم ہوئی ابر چھا گیا بوندیں پڑنا شروع ہو گیئں اور پھر تیز بارش کا سلسلہ شروع ہو گیا لوگ اپنے گھروں کو بھیگتے ہوئے آئے۔نزول رحمت باری تعالیٰ سے سب سراسمیگی اور پریشانی دور ہو گئی۔

دوسرا واقعہ ۱۹۵۵ء کا ہے جب کئی شب روز بارش کا سلسلہ بند نہ ہوا گھر گر رہے تھے لوگوں میں خوف وہراس کا عالم تھا فصلیں تباہ ہو رہی تھیں سب نے پھر مولانا سے استدعا کی جمعہ کا دن تھا نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے اشکبار ہو کر اور گڑگڑا کر دعا کی۔دعا مستجاب ہوئی بارش رکی عوام نے اطمینان کی سانس لی،ان کرامتوں کا مظاہرہ جذبہ خدمت خلق کے تحت ہوا ہے۔

تصانیف

کتاب مورث اعلیٰ کی پہچان کے علاوہ مولانا نے متعدد کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں شمشیر حقانی فضائل العلم والعلماء، براۃ الابرار ہے۔زیادہ تصانیف دوران قیام رنگون (برما) کی ہیں۔براۃ الابرار نے بدعتی ظلمت کدہ میں اپنے حجت ودلائل سے ایسی روشنی پیدا کی ہے جس کی شعاع دور دور تک پھیل گئی اور جس سے دین برحق کے سمجھنے میں کثر

بدعتی طبقہ نے اپنی صحیح سمت متعین کی ہے اس وقت جگن پور کا بھی کچھ ایسا ہی حال رہا ہے۔
علم ظاہر و باطن کے شناور مثالی باعمل عالم دین خوش اخلاق مگر سخت گفتار نے ۸،۹/اکتوبر ۱۹۵۶ء درمیانی شب بمطابق ۴/ربیع الاول شریف ۱۳۷۱ھ بروز منگل دنیا سے منھ موڑ کر داعی اجل کو لبیک کہا (انا للله وانا الیہ راجعون) اور جگن پور کے پچھم جانب جامع مسجد کے قریب اپنی پسندیدہ آرام گاہ ابدی میں ایک بڑے ہجوم کے کاندھوں پر جا کر آرام فرما ہوئے
پس ماندگان میں ایک لڑکی اور ایک لڑکا ہے۔ لڑکا مولوی قاری محمد انیس خاں جو فن تجوید وقرأت کے ماہرین میں شمار کئے جاتے ہیں۔ اور ملک کے بڑے دینی ادارے ان سے مستفیض ہو رہے ہیں۔
اس کتاب کے مطالعہ کے بعد میں نے جو محسوس کیا وہ یہ کہ سینہ بہ سینہ چلی آنے والی حکایت معتبر جسے عوامی شہرت حاصل ہو جاتی ہے تاریخ کا جز بنجاتی ہے۔ ماضی قریب وبعید میں علم تحریر کے جاننے والوں کی بہت ہی کمی رہی ہے اور تاریخ کو کتابی شکل دینے کا رواج تو بہت بعد کو ہوا ہے۔ مورخین نے زبانی داستانوں کے سہارے تاریخ مرتب کی ہے مولانا صاحب قبلہ نے بھی سینہ بہ سینہ چلی آنے والی حکایات کا مجبوراً اس وجہ سے سہارا لیا کہ تحریری طور پر تلاش کے لئے محمد ابراہیم خاں ولد محمد شاہ خاں کو مامور بھی کیا تھا اور خود بھی متلاشی رہے مگر ناکامی کی صورت میں زبانی بیان پر ہی تکیہ کرنا پڑا اور اس کا تعلق بہر حال حقیقت حال سے ہے۔
میرے ذہن میں جو کرید اور کاوش رہی ہے وہ یہ کہ جناب ٹھاکر رائے بسائی سنگھ صاحب کا مذہب تبدیل کرنے کے بعد اسلامی نام بھیکن خاں ہوا اور اسی نام کی مناسبت سے موضع بھیکن پور جو موضع ممتاز نگر کے جانب دکھن ایک میل کے فاصلہ پر آباد ہے دریافت پر معلوم ہوا کہ جناب بھیکن خاں صاحب قبول اسلام کے بعد یہیں آباد ہوئے تھے۔ موضع چرہ محمد پور میں کب اور کیسے آئے بھیکن خانصاحب کہاں مدفون ہیں معلوم نہیں ہو سکا۔ تبدیلی مذہب جناب ٹھاکر رائے بسائی سنگھ صاحب کے بارے میں دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ عہد اکبری شہنشاہ ابو محمد جلال الدین اکبر نے دورہ کے سلسلہ میں ممتاز نگر گاؤں میں قیام کیا تھا۔ دوران قیام ٹھاکر

کھانڈے رائے سنگھ جو اس وقت موضع بن بیر پور کے رئیس تھے ان کو کھانے پر مدعو کیا تھا دعوت نہ قبول کرنا اخلاقی گراوٹ تھی اور قبول کر کے عدم شرکت قول سے پھر جانے کے مترادف تھا جو راجپوتی پیشانی پر کلنک کا ٹیکا تھا دعوت قبول کرنے کے بعد ایک پیچیدہ مسلئہ یہ تھا کہ اس وقت کے ہندو سماج اور قانون کے تحت جو بھی مسلمان کے ساتھ بیٹھ کر ایک دستر خوان پر کھانا کھالیگا وہ ہندو دھرم سے خارج ہو جائے گا اس الجھن کو دور کرنے کے لئے باپ نے اپنے پانچوں لڑکوں کو بلایا کہ اس دعوت میں کس کو جانا ہے مشیت زیردی باپ کی نظر انتخاب رائے بسائی سنگھ پڑ پڑی باپ کے حکم اور بیوی کی رضامندی پر دعوت میں شرکت کی ظاہر ہے اس دعوت کے بعد انکا اخراج از خود آبائی مذہب سے ہو گیا اور ساتھ کھانے والے مذہب کو اپنایا گیا تبدیلی مذہب سے قبل دولڑ کے رائے بسائی کے تھے جو اپنے قدیم مذہب پر ہی رہے یہ ایک واقعہ ہے لوگوں سے گفتگو کی درمیان یہ بات آئی کہ رائے بسائی سنگھ نے لالچ میں آکر مذہب تبدیل کیا ہے اس لئے کہ شہنشاہ سے انھیں مراعات اور جاگیر ملی ہے جیسا کی دیش ٹھاکروں کے مواضعات میں آج بھی یہی کہا جاتا ہے۔ میں نے جواباً عرض کیا کہ اس کا حقیقت حال سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ اپنے باپ کی ملکیت جو بن بیر پور سے چرہ محمد پور تک پھیلی ہوئی تھی یہ حصہ مساوی بھی نہیں پاسکے۔ اگر شاہی نوازش کا کام ہوتا تو کم از کم ایک تعلقہ ضرور ہوتا جو رائے بسائی سنگھ کے لڑکوں کی علمداری میں ہوتا تبدیلی مذہب سے قبل دولڑ کے بھی لالچی باپ کے ساتھ لالچ میں آکر مذہب بدل دیتے اور سکون چین سے رہتے اس لئے جو لوگ اس طرح سے کہتے ہیں ان کو اس حقیقت پر بھی نظر رکھنی چاہیئے اور آج کے دور کی روشنی میں اس کا جائزہ لینے پر سچائی خود سامنے آجاتی ہے میرے اس طرح کے جواب دینے سے لوگ خاطر خواہ متاثر ہوئے اور میری بات کو مان بھی لیا۔

سماج اور رواج

مسلم راجپوت برادری کے سماج اور رواج کا آج سے چوتھائی صدی قبل کا جائزہ

لیا جائے تو وہ فیض آباد یا اس کے نواحی اضلاع ہوں۔یا غازی پور سے مظفر نگر تک پورے اتر پردیش کی بات ہوا کثر مقامات پر مجھے جانے کا اتفاق ہوا ہے دیکھنے اور دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ فرق زبان رہن سہن، مردانہ وزنانہ تعلیم رسم ورواج وغیرہ میں یکسانیت پائی جارہی ہے چونکہ اس برادری میں علم کا فقدان رہا ہے سوائے معدودے چند پڑھے لکھے لوگوں کے جہالت کی بنا پر مسلم راجپوت برادری ترقی یافتہ سماج کا احیاء نہیں کر پائی اور مذہبی معاملات میں ملت فروش کٹھ ملاؤں کے حلقہ میں اثر رہی ہے۔

جگن پور جگن گڈریہ کے نام سے آباد گاؤں میں زین خاں اولاد دوئم جناب بھیکن خاں صاحب کے آباد ہونے کے بارے میں معلوم نہیں ہوسکا کہ کس بنا پر یہاں آکر آباد ہوئے جبکہ زیادہ تر رقبہ جگن پور کا ابراہیم پور اور منگلسی اور کٹرولی کا رہا مگر اتنا ضرور ہے کی زین خاں صاحب کی اولاد نے نسلاً بعد نسلاً جگن پور میں اپنا زمیندارانہ اقتدار قائم کیا جو بلا کسی تبدیلی کے انگریزی راج آنے تک چلتا رہا ۱۸۶۸ء میں بندوبست اول کے موقعہ پر راجہ اجودھیا مان سنگھ نے جو انگریزی سرکار کے تعلقہ دار تھے جگن پور کو اپنی عملداری میں شامل کرلیا۔بندوبست اول کے کچھ دنوں کے بعد ہی عسرت اور تنگ دستی کی بنا پر گاؤں عدم ادائیگی لگان کی وجہ سے نیلام ہونے جارہا تھا۔راجپوتی غیرت خودداری نے قادر خاں ولد جہانگیر خاں کو للکارا اور ان کی ماں نے بھی ان سے کہا کہ غلامی کی زندگی سے عزت کی موت بہتر ہے، گاؤں نیلام ہوجائے گا تو تم سب غلام ہوجاؤ گے زمیندار ہری بیگاری میں تم کو بھی پکڑیگا اس وقت روپیہ کام نہیں آئیگا اور تمہاری حیثیت دھری کی دھری رہ جائیگی، ماں کا حکم اور غیرت کا تقاضہ تھا کہ عین نیلامی کے دن یاٹن دین تیلی کے ٹھیلہ پر قادر خاں کے گھر سے چاندی کا سکہ ٹوکری میں بھر کر فیض آباد (۱) لکھنؤ روڈ موضع کے نزد پیپل کے پیڑ کے (جواب گر چکا ہے) نیچے لے جایا گیا راستے میں نہ تو کوئی نگراں رہا نہ ہی کوئی خرد برد ہوئی۔جملہ مطالبہ جو بارہ ہزار روپئے کا تھا ادا کردیا گیا اس دلولہ انگیز اور سبق آموز واقعہ کے بعد گاؤں کے چار صاحبان کو اس امر کا مجاز کیا گیا تھا کہ ریاست مہدونہ جو بعد کو ریاست اجودھیا کہلانے لگی ہے اس سے مقدمہ لڑکر اپنی حقیت سیر سائر دھیگ وغیرہ بحال کرائیں منتخب حضرات میں قادر خاں فیض خاں، بچن خاں، رحمان خاں تھے یہ مقدمی

سولہ سال تک چلا اور چیف کورٹ لکھنؤ سے ریمانڈ ہوکر آیا اور یکم مئی ۱۸۸۴ء مسلم راجپوت برادری جگن پور کے حق میں فیصلہ ہوا۔ اس سلسلہ میں ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ دوران مقدمہ ایک کمیشن آیا اس نے بھی معلوم کرنا چاہا تھا کہ آخر آپ لوگوں کا گذر بسر کیسے ہوتا ہے۔ حسن علی خاں جو تنکی مزاج تھے لوگوں نے انھیں کمیشن کے سامنے جانے سے باز رکھا تھا مگر کسی طرح وہ پہونچ گئے اور بزعم کہا کہ ہم پانچ سو بیگہ پختہ سیر کرتے ہیں کسی سے بھیک نہیں مانگتے ہیں اس طرح اپنا گذر بسر کرتے ہیں کمیشن نے ان کی بات باور کرکے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ ایک فریق کا کہنا ہے کہ ہم پانچ سو بیگھہ پختہ سیر کرتے ہیں جو صحیح ہے۔

اس بنیاد پر مقدمہ میں موازی پانچ سو بیگھہ پختہ کا فیصلہ بھی ہوا اور رجسٹر نمبر ۵ مالک ادنیٰ (ماتحت داران) کے مالکانہ حقوق بھی ملے ہیں جو خاتمہ زمینداری کے قبل تک حاصل رہے۔ اقرار مالکان دیہہ اور واجب الارض کا بھی نفاذ ہوا تھا اس کے کچھ دنوں کے بعد لگان کی ادائیگی کے سلسلہ میں پریشانی کی وجہ سے ۱۸۹۵ء میں بزرگوں نے خاندان کا باہمی بٹوارہ کرکے پٹی دار کی چھٹی عدالت مجاز میں داخل کرکے اندراج کرالیا جس کی تفصیل کھیوٹ رجسٹر نمبر ۵ مالک ادنیٰ جلد دوئم میں درج ہے اور سائر مشترکہ ہی رہ گیا بعدہٗ ۱۹۳۰ء میں امیر اللہ خاں ولد علی بہادر خاں وغیرہ مدعیان بنام ولی محمد خاں وغیرہ ولد علی حسن خاں وغیرہ مدعا علیہم نے سائر (آبادی، باغات، تالاب) کا مقدمہ عدالت دیوانی جناب منصف صاحب بہادر فیض آباد دائر کیا جس میں پٹی فیض خاں کا حصہ بمقابلہ منجملہ بائیس پٹی کے علیٰحیدہ ہوگیا اس کے بعد پھر ایک مقدمہ عدالت جناب اڈیشنل سول جج صاحب بہادر فیض آباد مظہر خاں ولد صاحبزاد خاں وغیرہ مدعیان بنام رحمت اللہ خاں ولد خداداد خاں مدعا علیہم دائر ہوا اور اس میں پٹی بہریاب خاں پٹی دولت خاں، پٹی رحمت خاں، پٹی اسد علی خاں بمقابلہ باقی جملہ مدعا علیہم کے ۱۹۴۴ء میں فیصلہ ہوکر علیٰحیدہ ہوگئی۔ معاملات زمینداری کے متعلق زیادہ تر معلومات احمد اللہ خانصاحب کو ہیں جو مہتاب علی خاں صاحب کے فرزند اکبر ہیں اور مصنف گرامی کے حقیقی چچیرے بھائی ہیں معاملات دیہہ کے بہت سے کاغذات اور نقشہ جات انکے پاس موجود اور محفوظ ہیں۔ کتاب مورث اعلیٰ ۱۹۵۲ء میں لکھی گئی۔ اس کے ۲۵ سال بعد شجرہ کو آگے بڑھانے

کا کام احمد اللہ خانصاحب کا ہی کارنامہ ہے۔

مورث اعلیٰ کی پہچان کے بارے میں ان کی دلی خواہش ہے کہ گاؤں میں رونما ہونے والے اہم واقعات کو کتابی شکل دے دی جائے جو محفوظ رہے تا کہ آئندہ آنے والی نسل کو اپنے اباء واجداد کے بارے میں معلومات رہے۔احمد اللہ خانصاحب گاؤں میں برادری وغیر برادری کے ایک ممتاز نمائندہ شخصیت بھی ہیں۔زمینداران جگن پور نے مل بیٹھ کر یہ بھی طے کیا تھا کہ باہر سے آکر آباد ہونے والے آسامی اسی کی زمین میں آباد ہوگا جس کے پہلے سے جس برادری کا اسامی آباد ہے۔

غلام مصطفے خاں یہاں گاؤں کے نمبردار مقرر ہوئے انھوں نے بنیا برادری کو رائے پور سے لاکر بسایا تھا اور قصاب برادری کو موضع منگلسی سے لاکر بسانے کے سلسلہ میں ایک دلچسپ واقعہ جناب شمس الحق خانصاحب پنشنر صوبہ دار فوج نے بیان کیا جو یہاں درج ذیل ہے۔

صوبہ دار شمس الحق خانصاحب زبردست ذہنی صلاحیت اور قوت اراوی کے منفرد شخصیت رہے ہیں برادرانہ سماجی کام ہو یا مذہبی، گاؤں کے لوگ ہوں یا قرب وجوار کے، اپنے ہوں یا پرائے سب کے بلاعذر کام آتے رہے یوں کہیے کی نصف صدی تک جگن پور کی رہبری کی ہے مولانا عبد الرؤف خانصاحب کے حلقہ بگوشوں میں بیشمار کئے جاتے رہے۔مولانا موصوف کے مذہبی اور دینی مشن کو گاؤں میں پورا کرنے میں نہایت ذہانت لیتے ہوئے اور سوجھ بوجھ سے کام لیا ہوئے برادرانہ سماجی ڈھانچے میں ڈھالا ہے۔مثلاً تعزیہ داری کا خاتمہ، شادی بیاہ میں جو زیادہ تر وطنی رسومات کے زیر اثر رہے اسکا بدلنا ۱۹۳۰ء میں دینی مدرسہ کا قیام پھر عیدگاہ کی تعمیر ۲۷ رمئی ۱۹۳۳ء کو گاؤں میں چبوترہ کی از سر نو پٹائی اور حصار بندی گویا سارا کام عوامی چندہ سے ہوا ہے مگر نگراں سربراہ کی حیثیت صوبہ دار صاحب کی رہی ہے۔

تعمیر عیدگاہ میں محمد زمان خاں ولد علی حسن خاں، عبد الرشید خاں ولد اسد علی خاں نے پورے تعمیری وقت تک اپنے کو رضا کارانہ طور پر وقف تعمیر رکھا تھا۔ بڑا ہی شاندار کارنامہ ہے۔

ان اللہ عندہٗ اجر" عظیم۔(تعمیر عیدگاہ ۱۸ رشوال ۱۳۵۲ھ)

صوبہ دار صاحب مذہبی سماجی اور عوام کے انفرادی فلاحی کام کو اپنے کچھ معتمدین خاص کو لیکر کیا کرتے تھے۔ان لوگوں میں جناب شرافت اللہ خاں مکھیا ولد قادر خاں (خاکسار کے والد) عبدالرزاق خاں ولد جعفر خاں، حمایت خاں ولد ولی دار خاں، روشن خاں ولد رضا مند خاں، محبوب خاں ولد عبد الہادی خاں، محمد شاکر خاں ولد غفور خاں، عبد الحمید خاں ولد محمد حسن خاں ہیں۔۷؍مارچ ۱۹۵۱ء کو گاؤں میں ایک ادبی باب کھلتا ہے جس کی تحریک جناب ٹھاکر محمد ذاکر خانصاحب مکھیا جگن پور نے کی اور رہبری صوبہ دار صاحب نے یہ کہ ایک آل انڈیا مشاعرہ کا انعقاد اس میں پڑھے لکھے لوگ اور باذوق نوجوانوں کو یکجا کر کے ایک ماہ کی انتھک محنت وکوشش سے مشاعرہ منعقد ہوا جو مسلسل ۱۹۵۸ء تک چلتا رہا اس سے گاؤں اور قرب وجوار میں علم وادب کی روشنی پھیلی اس نوجوان گروہ میں عبدالحئی خاں وکیل محمد ہارون خاں، پیغام، محمد ایوب خاں، محمد شبیر خاں، محمد اسمٰعیل خاں محمد موسیٰ خاں، ماسٹر محمد نقیب خاں، منظور احمد خاں محمد نسیم خاں، محمد خورشید احمد خاں، ارشاد احمد خاں۔محمد الیاس خاں اور محمد صدیق خاں (جمعدار) وغیرہ ہیں۔

صوبہ دار صاحب تخمیناً ایک سو دو برس کی عمر پا کر ۲؍مارچ ۱۹۸۲ء بروز منگل صبح چھ بجے ہزاروں آنکھوں کی اشکبار چھوڑ کر سفر آخرت پر روانہ ہو گئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)

دلچسپ واقعہ

نمبردار غلام مصطفےٰ خاں اور ایک ٹھاکر صاحب موضع سالار پور جن کا نام نہیں معلوم ہو سکا کسی کام سے موضع منگلسی گئے ہوئے تھے گھر لوٹتے وقت گھوڑے پر کھڑا ببول کے پیڑ پر سیم پھلی تھی توڑ لیا اس پر موضع منگلسی کے زمینداروں سے جو ملکی کہلاتے ہیں تو تو میں میں ہو گئی۔ان لوگوں نے نمبردار صاحب اور ہمراہی ٹھاکر صاحب پر نوابی عدالت میں اس طرح دعویٰ دائر کیا تھا کہ گھورن کے پوت ببورا کی بیٹی سیما کو نس توڑ توڑ کر مارا اسی پر دونوں صاحبان کو سزا ہو گئی۔یہ حضرات لکھنؤ جیل میں اسیر رہے۔ایام اسیری میں موضع منگلسی کے قصاب برادری سے تعلق رکھنے والے جیل خانہ کے عہدہ دار سے ملاقات ہوئی جو خود بھی منگلسی کے ملکی زمینداروں سے نالاں رہے ہیں۔ان لوگوں کی چیرادستی سے قصاب برادری موضع منگلسی سے

بھی پریشان رہی ہے۔ ہوتا یہ تھا کہ سال میں ایک بار کسی تیوہار کے موقعہ پر جیل خانہ کا پھاٹک کچھ دیر لئے کھلتا تھا اس وقت جو بھی قیدی بھاگ کر نکل جاتا وہ رہائی پا جاتا۔ رہائی تاریخ و وقت سے قصاب برادری کے عہدادار نے دونوں صاحبان کو مطلع کر کے پھاٹک پر کھڑا کئے رکھا جیسے ہی پھاٹک کھلا ان دونوں حضرات کو بھگا دیا اس طرح رہائی پانے کے بعد نمبردار صاحب نے قصاب برادری کو جو منگلسی چھوڑ کر آنا بھی چاہتے تھے جگن پور میں لا کر بسالیا۔ اس مقدمہ کی نوعیت سے عہد نوابی کے طرز حکومت اور طریقہ عدل کا پتہ چلتا ہے۔ اس لئے آج جس خطہ میں لاقانونیت کا دور دورہ ہوتا ہے وہ عہد نوابی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

مسجدوں کی تعمیر

سب سے پہلے نواب اودھ واجد علی شاہ کی ملکہ حضرت محل نے خیریت خاں کی معرفت جو اسی گاؤں کے باشندے تھے اور واجد علی شاہ کے مصاجبین میں سے تھے جگن پور میں مسجد تعمیر کرائی جو مسجد خیریت خاں کے نام سے مشہور ہے۔ حافظ شجاعت علی خاں نے (مصنف کے دادا گرامی) دوسری مسجد بنوائی جو مسجد انجیر تلے کہی جاتی ہے۔ اس کے بعد محمد حسن خانصاحب نے جو ریاست بلرامپور میں تحصیلدار کے عہدے پر فائز تھے اپنے مکان کے حدود اربعہ میں مسجد تعمیر کرائی۔ قطعہ تاریخ مسجد کندہ کر دیا اور تعمیر جدید بھی ہوئی ہے۔ انجیر تلے والی مسجد کی بھی تعمیر جدید ہوئی ہے۔ گاؤں میں علماء و مشائخ کی آمد کا سلسلہ کب سے ہوا کہا نہیں جا سکتا لیکن میرے علم میں یہ بات آئی کہ مولانا فصاحت عالم صاحب جو رسالدار میجر بہادر جعفر خانصاحب کے یہاں قیام کیا کرتے تھے ان کے کہنے پر گاؤں والوں نے جس میں برادری کے مسلمانوں نے حصہ لیا اور جامع مسجد تعمیر ہوئی۔ مسجد خیریت خاں کا کنواں عبدالحمید خاں ولد تحصیلدار شمس الحق خاں نے بنوایا ہے۔ سماج کی پاکیزگی میں مدبران مسلم راجپوت برادری جگن پور نے ایک اہم فیصلہ یہ بھی کیا تھا کہ گاؤں میں چار طرح کی برادری قطعی آباد نہ ہونے پائے۔ برہمن، حلوائی، سنار اور طوائف، اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے قدما اور بزرگ اپنی برادری ہی میں نہیں بلکہ پورے گاؤں میں پاکیزہ معاشرتی نظام اور شریف النفسی کیلئے کتنے

فکر مند رہے ہیں۔ صاف ستھرا سماج اور زمیندارانہ انوکھا پن گاؤں جگن پور کی آبادکاری سے بھی ظاہر ہے۔ ہر برادری کا ایک ایک خطہ الگ رہا ہے۔ اور اس آبادکاری میں عوام کے رہن سہن اور آرام و تکلیف کا بے حد خیال رکھا گیا، لوہار، دھوبی، تیلی برادری جو پر با کہی جاتی ہے گاؤں میں جانب اتر اور پچھم آباد کرکے پورب گاؤں کے قریب کر دیا گیا تھا زمانہ قدیم سے گاؤں میں کاشتکاری کیلئے ذرائع آبپاشی اور جانوروں کو پانی پلانے کے لئے تالاب ہی ایک ذریعہ رہا ہے جگن پور میں زیادہ تر تالاب گڈریہ برادری نے کھدوادیا ہے اور اس میں رام کیول اور زھود بھائیوں کا ہی کارنامہ معلوم ہوتا ہے۔ جنھوں نے اپنے دو بھائیوں کے نام کنیول تالاب اور زہو تالاب کھدوادیا اور اپنی بیبیوں کے جو زیادہ دراز قد ہونے کی وجہ سے لمبی کہی جاتی تھیں تالاب بڑی لمبوئی اور چھوٹی لمبوئی انھیں کے نام سے منسوب ہے۔ برادری کے نام سے گڈریہ تالاب اور دھوبیوں کو کپڑا دھونے کے لئے دھوبگھٹیا تالاب کھدوادیا گڈریوں کی دولت کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کے پاس کئی شاہان وقت کا سکہ موجود تھا صرف دو تالاب مسلم راجپوت برادری نے کھدوائے ہیں ایک لہراس خاں صاحب نے کھدوایا تھا تالاب نام سے ظاہر ہے دوسرا تالاب جو غصب کردہ زمین موضع کٹرولی کی تھی شب و روز ایک کر کے کھدوایا گیا کہ مدافعت نہ ہو سکے اس کا نام دادا تالاب ہے اس کا مطلب یہ ہوا کی اجتماعی لوٹ گھسوٹ باپ دادا کے نام سے فخریہ یاد کرنا اپنے نام و نمود کو پس پشت ڈال کر آپسی شر سے بچنا بھی تھا زر زمین اور زن کی بنا پر جھگڑا فساد و ساری دنیا میں عام ہے تو جگن پور ہی اس سے کیوں مبرا تھا اور جنگ جوئی تو راجپوتی شرست کا خاصہ ہے۔

جناب ماسٹر انعام اللہ خانصاحب جو مدرسہ حنفیہ جگن پور کے افسر مدرس رہے ہیں اس سے قبل وہ رنگون میں درس و تدریس کے ذریعہ کسب معاش کرتے رہے) میں مصروف رہے جگن پور میں شاعری کا چلن انھیں سے ہوا۔ غزل اور نعت کا صاف ستھرا کلام اور دل کش ترنم، شعر پڑھتے تو سامعین پر کیفیت طاری ہو جاتی ان کا یہ مقطعہ ان کی زندگی سے ہم آہنگ ہے۔

آہ رے انعام نکلی تھی دھواں بن کر مری
باغ حسرت پر برسنے کو سحاب آیا نہ تھا

خاکسار نے ماسٹر صاحب کی صحبت میں شعر کہنا شروع کیا کچھ ابتدائی کلام انھیں دکھایا بھی شعری خامیوں کو درست کر کے دلجوئی کر کے ہمت افزائی کی ماسٹر صاحب نہایت منکسر المزاج، خوش اخلاق بذلہ سنج اور لطیفہ گو اور بلند پایہ مدرس رہے اور علم و ادب کی خدمت کیلئے تگ ودو کرتے ہوئے اس پر قربان ہو گئے تاریخ وفات کا علم نہیں ہو سکا۔ مضمون کے اختصار کا خیال پیش نظر ہے اسلئے اور کچھ کہنا مناسب نہیں معلوم ہوتا یوں تو شاعر وادیب کا قلم رکتا کہاں ہے۔

احقر العباد محمد ہارون خاں پیغام جگن پوری فیض آباد)

Scanned by CamScanner

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمدلله وحدہٗ والصلواۃُ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہٗ

امابعد! احقر الزماں محمد عبد الرؤف خاں ابن حفیظ اللہ خاں غفر اللہ لہما جگن پوری عرض رساں ہے کہ ہمارے برادران عزیز نوجوانوں نے انگریزی حکومت کو دیکھ کر یہ سمجھا کہ دنیا میں جو کچھ عزت ہے ان ہی کی ہے لہٰذا ان ہی جیسا بننا چاہیے۔ چنانچہ انھوں نے اپنی اسلامی پاکیزہ صورت وسیرت کو بگاڑ کر داڑھی مونچھ منڈوا کر کوٹ پتلون سے مزین ہو کر پورے صاحب بن گئے ہیں حالانکہ تین چار سال کا عرصہ ہوتا ہے کہ انگریز یہاں سے چلے گئے ہیں لیکن برادران عزیز نوجوانوں میں اب تک انکا ناپاک اثر باقی ہے اور حدیث ''من تشبہ بقومٍ فھُوَ مِنھُمْ'' میں شمار ہو رہا ہے۔ احقر کو اسی کا درد تھا کہ ایک نہ شد دو شد کا مضمون ہو گیا اب اس کا خطرہ ہو گیا کہ برادران عزیز کہیں انگریزی فیشن کی مدہوشی کی حالت میں بنی اسرائیل کا دعویٰ کر کے حدیث ''مَنْ اَدّعیٰ الیٰ غیر ابیہ وھو یعلم انہٗ غیرُابیہ فالجنۃُ علیہ حرام''[2] اپنے آپ کو جنت سے محروم کر دیں اس لئے یہ رسالہ بنام مورث اعلیٰ کی پہچان لکھا جاتا ہے تاکہ برادران عزیز اپنے حسب ونسب کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں اور حدیث مذکورہ بالا کی وعید سے بچ جائیں۔

ان ارید الا الاصلاح ما استعت وما توفیقی الا باللہ

[1] جس نے کسی قوم کے ساتھ مشابہت کی وہ ان ہی میں سے ہو گیا۔

[2] جو اپنے باپ کو چھوڑ کر کسی اور کو باپ بنا دے اور جانتا بھی ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں ہے تو اس پر جنت حرام ہے۔

جستجوئے مورث اعلیٰ

جاننا چاہیئے کہ کاتب الحروف کو عرصہ سے اس بات کی تلاش تھی کہ مورث اعلیٰ جو ہندو سے مسلمان ہوئے تھے ان کا کیا نام ہے اور کہاں کے رہنے والے تھے مگر اس کا پتہ نہ چلتا تھا جب ۱۹۳۶ء میں رنگون سے آیا تو پھر اس کی تلاش میں وقت گذارتا رہا بعد ازاں معلوم ہوا کہ جناب امیر اللہ خانصاحب مرحوم نے بٹوارہ کے مقدمے کے سلسلہ میں محافظ خانہ فیض آباد سے مورث اعلیٰ کا شجرہ حاصل کیا ہے اور برادرم احمد اللہ خانصاحب سلمہٗ کے پاس اس شجرہ کی نقل یا اصل موجود ہے چنانچہ برادرم موصوف سے اس شجرہ کو لیکر نسب نامہ مسلم راجپوت موجودہ باشندگان جگن پور کا مسودہ تیار کیا جو رسالہ مذکور کے آخر میں مرقوم ہے اس کے بعد معلوم ہوا کہ موضع ہری پور اور موضع بن بیر پور کے ٹھاکر صاحبان بھی مورث اعلیٰ سے تعلق رکھتے ہیں اس کی تحقیق کے لئے برادرم ابراہیم خانصاحب سلمہٗ کو موضع بن بیر پور بھیجا وہاں برادرم موصوف نے سب ٹھاکروں کو جمع کر کے کہا کہ آپ لوگوں کے پاس کوئی شجرہ موجود ہو تو براہِ کرم اس کو لائیے ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ آپ لوگوں کے مورث اعلیٰ کون تھے اور ان کا کیا نام تھا اور ہمارے مورث اعلیٰ سے ان کا کیا رشتہ تھا ان لوگوں نے اپنی اپنی پٹیوں کے مورث اعلیٰ کے نام بتانے لگے۔ برادرم موصوف نے کہا کہ ہم ان سب سے اوپر مورث اعلیٰ کو جاننا چاہتے ہیں جو آپ سب لوگوں کے مورث اعلیٰ ہیں اس کے جواب میں ان لوگوں نے کہا کہ اس کے اوپر کا نہ کوئی شجرہ ہمارے پاس ہے اور نہ ہم نام بتا سکتے ہیں لیکن اتنا ہم کہہ سکتے ہیں جو اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ ہمارا اور آپکا خاندان ایک ہی ہے اس مجلس میں ایک سن رسیدہ پٹواری مسمی چھوٹے لال تھا اس نے کہا کہ سرکاری کاغذات میں ہم نے دیکھا ہے وہ یہ ہے۔

شجرہ مورث اعلیٰ

نوٹ:۔ چھوٹے لال پٹواری نے کہا کہ رائے بسائی سنگھ کے دولڑکے ہندو یقیناً تھے ایک نام ہری رام سنگھ تھا جو مورث اعلیٰ موضع ہری پور ہیں اور دوسرے کا نام یاد نہیں ہے جو مورث اعلیٰ بن بیر پور ہیں۔

مورث اعلیٰ کا آبائی وطن

جاننا چاہیے کہ مورث اعلیٰ رائے بسائی سنگھ یعنی بھیکن خاں مرحوم کا آبائی وطن موضع بن بیر پور تھا یہ کھانڈے رائے سنگھ کے بیٹے تھے اور اپنے وقت میں بہت بڑے زمیندار تھے ان کے متعلق مشہور مقولہ ہے ''آدھی دیہیں رائے بسائی سنگھ آدھی دیہیں بھیکن خاں'' یعنی نصف اول عمر ہندو تھے نام رائے بسائی سنگھ تھا اور آخر عمر مسلمان ہوئے نام بھیکن خاں ہوا مورث اعلیٰ موصوف ادھیڑ عمر میں اپنی خوشی سے مشرف بہ اسلام ہوئے تھے مسلمان ہونے کے وقت ہری رام سنگھ اور دوسرے بیٹے جن کا نام معلوم نہ ہوسکا موجود تھے اپنے آبائی مکان کو اپنے ان ہی دونوں بیٹوں کے حوالے کر کے اپ خود اپنے علاقہ موضع چرہ محمد پور میں آکر سکونت اختیار کی یہاں پر تین لڑکے بایزیدؔ خاں، وزین خاں و پہاڑ خاں پیدا ہوئے کچھ عرصہ کے بعد مورث اعلیٰ موصوف کا انتقال ہوگیا وہاں موضع بن بیر پور میں ہری رام سنگھ اپنے بھائی سے علٰحیدہ ہو کر اپنے ہی علاقہ موضع ہری پور میں آکر آباد ہوئے اور ان کی ہی اولادوں سے اب تک موضع ہری پور آباد ہے اور دوسرے بھائی جن کا نام معلوم نہ ہوسکا وہ اپنے قدیمی مکان میں رہ گئے اور ان کی اولادوں سے اب تک موضع بن بیر پور آباد ہے۔

یہاں چرہ محمد پور میں تینوں بھائی اتحاد و اتفاق کے ساتھ رہتے تھے اتفاقاً زین خاں کا انتقال ہوگیا بعد ازاں پہاڑ خاں اپنے بھائی بایزیدؔ خاں سے علحیدہ ہو کر اپنے ہی علاقہ موضع بھٹورہ میں جا کر سکونت اختیار کی۔ ان کے زوجہ اولیٰ سے دولڑکے اور زوجہ ثانی سے تین

لڑکے تھے۔ جب آپس میں ایک ساتھ نہیں رہ سکے اور علیحدگی کی نوبت آئی تو زوجہ اولیٰ کے دونوں لڑکے اپنے والد ماجد کے بنائے ہوئے مکان میں ٹھہر گئے۔ اور ان دونوں کی اولادوں سے اب تک موضع بھیٹورہ آباد ہے۔ اور زوجہ ثانی کے تینوں لڑکے اپنے قدیمی مکان کو چھوڑ کر اپنے ہی علاقہ موضع رسولپور میں آ کر آباد ہوئے اور انھیں تینوں لڑکوں کی اولادوں سے اب تک موضع رسولپور آباد ہے۔

اور بایزید خاں اپنی قدیمی جگہ میں قائم رہے اور انھیں کی اولادوں سے اب تک چرہ محمد پور آباد ہے

امیر اللہ خانصاحب کے شجرہ سے معلوم ہوا کہ زین خاں کا مکان چرہ محمد پور تھا انھوں نے جنگل کٹا کر پہلے جگن گڈریا کو آباد کیا اور یہ گاؤں اسی کے نام سے مشہور ہوا۔ بعد ازاں زین خاں کے انتقال کے بعد ان کی مسماۃ بوبو صاحبہ اپنے بچوں کو لیکر یہاں پر آئیں اور آباد ہوئیں زین خاں کی اولادوں سے ابتک موضع جگن پور آباد ہے۔

الحاصل مورث اعلیٰ بھیکن خاں کی اولادوں سے موضع بن بیر پور، موضع ہری پور، موضع چرہ محمد پور، موضع جگن پور، موضع بھیٹورہ و موضع رسولپور اب تک آباد ہے۔

الھم زرفذد آمین ثم آمین

مورث اعلیٰ کا مسلمان ہونا

جاننا چاہئے کہ مورث اعلیٰ رائے بسائی سنگھ کے مسلمان ہونے کی مختلف رواتیں ہیں۔

۱ بعض برادران اہل سنود جو انگریزوں کی جھوٹی اور بناوٹی تاریخوں سے متاثر ہیں وہ کہتے ہیں کہ مسلمان بادشاہ نے ان کو جبراً قہراً اپنے تلوار کے زور سے مسلمان کیا ہے یہ سرتاپا غلط ہے۔ کیونکہ اگر مسلمان بادشاہ نے ان کو تلوار کے زور سے مسلمان کیا تو ان کے دوسرے بھائیوں کو کیوں چھوڑ دیا جن کی نسل سے موضع بن بیر پور و موضع ہری پور اب تک آباد ہے ان کو بھی اسی تلوار کے زور سے مسلمان کرتے اس دلیل سے معلوم ہوا کہ وہ کسی کے دباؤ سے

مسلمان نہیں ہوئے تھے بلکہ اپنی خوشی سے مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔

(۲) بعض الناس کہتے ہیں کہ بادشاہ دہلی نے ہندوستان میں یہ قانون جاری کیا تھا کہ جس ہندو کے دو لڑکے ہوں ایک لڑکا حکومت کو دے اور دوسرے کو اپنی خدمت میں رکھے۔

کھانڈے رائے سنگھ

رائے بسائی سنگھ ہندو نام تھا
مسلمانان ہونے بعد
بھیکن خاں اسلامی نام ہوا

نام معلوم نہ ہوسکا مورث اعلیٰ موضع بن بیر پور	ہری رام سنگھ مورث اعلیٰ موضع ہری پور	بایزید خاں مورث اعلیٰ موضع چرہ محمد پور	زین خاں مورث اعلیٰ موضع جگن پور	پہاڑ خاں مورث اعلیٰ موضع بھٹورہ رسولپور

اگر اس بات کو تسلیم کیا جاوے کی واقعی یہ بات صحیح ہے اور ہندوستان میں اس قانون پر عمل درآمد ہو چکا ہے۔

(۳) تو ہندوستان میں ہندو مسلم دونوں قوموں کو برابر ہونا چاہئے اور اکثریت اقلیت کا نام بھی نہ لینا چاہئے۔ حالانکہ یہ بات مانی ہوئی ہے کہ برادران اہل ہنود کی اکثریت ہے اور ہماری اقلیت۔

(۴) اگر ہندوستان کے مسلمانوں کے مورث اعلیٰ کو بادشاہ مسلمان کرتے تو یقیناً انکو پکا مسلمان بتاتے اور جملہ رسم ورواج کفریہ کے دور کرنے کا حکم فرماتے حالانکہ مسلمانوں کے اندر اب تک شادی وغمی کے موقع پر برادران اہل ہنود کی بہت سے شرکیہ وکفریہ رسمیں جاری ہیں ان دلائل کو دیکھ کر ہر منصف انصاف سے کہہ سکتا ہے کہ مسلمانوں کے مورث اعلیٰ کسی کے دباؤ اور جوروظلم سے مشرف بہ اسلام نہیں ہوئے تھے بلکہ اپنی خوشی سے مسلمان ہوئے تھے۔

(۳) ہمارے مورث اعلیٰ رائے بسائی سنگھ کے متعلق بعض برادران ٹھاکر صاحبان موضع

رائے پور کے کہتے ہیں کہ بن بیر سنگھ اور رائے سنگھ دو بھائی تھے۔ رائے سنگھ کے ایک ہی لڑکا تھا اور بن بیر سنگھ کے کئی لڑکے تھے جب بادشاہ نے ان سے لڑکا مانگا تو دونوں بھائیوں نے آپس میں مشورہ کیا اور رائے سنگھ نے کہا کہ بھائی ہمارے ایک ہی لڑکا ہے اگر ہم بادشاہ کو دے دیں گے تو ہمارا نام مٹ جائیگا، اور ہماری نسل و ہندو جاتی اخاتمہ ہو جائیگا آپ کے کئی لڑکے ہیں اگر آپ ایک دیدیں گے تو بقیہ لڑکوں سے آپ کی نسل بھی قائم رہے گی اور ہندو ذاتی کو کچھ نقصان نہ پہونچے گا۔ یہ بات بن بیر سنگھ کو سمجھ میں آگئی چنانچہ موضع چرہ محمد پور و موضع جگن ہور و موضع بھیٹورہ و موضع رسول پور کے خان صاحبان رائے بسائی سنگھ کی اولادوں میں ہیں اور ہم موضع رائے پور و موضع ماناپور و موضع ولی پور و موضع سریاواں وغیرہ کے ٹھاکر صاحبان رائے سنگھ کی اولادوں میں ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ موضع رائے پور و موضع ماناپور وغیرہ کے ٹھاکر صاحبان رائے سنگھ کی اولادوں میں ہیں اور موضع ہری پور و موضع بن بیر پور کے ٹھاکر صاحبان و موضع چرہ محمد پور وغیرہ کے خان صاحبان بن بیر سنگھ کی اولادوں میں ہیں لیکن یہ سرتاپا غلط ہے کہ رائے سنگھ کے مشورہ سے بن بیر سنگھ نے رائے بسائی سنگھ کو بادشاہ کے حوالے کیا اور وہ مسلمان ہو گئے۔

سوچنے اور سمجھنے کی بات:۔

اول:۔ یہ رائے بسائی سنگھ بن بیر سنگھ کے بیٹے نہیں ہیں بلکہ کھانڈے رائے سنگھ کے بیٹے اور ان کے پوتے ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ بن بیر سنگھ اپنے بیٹے کھانڈے رائے سنگھ کے بغیر مشورہ اور رضامندی کے اپنے پوتے رائے بسائی سنگھ کو بادشاہ کے حوالے کرتے۔ پھر تعجب کی بات ہے کہ بادشاہ بیٹا مانگیں اور ان کو بیٹے کے بجائے پوتا دیا جائے۔ اگر دیا جائے کہ پوتا بھی بیٹا ہی ہوتا ہے کیونکہ اسی نسل سے ہے اگر بن بیر سنگھ اپنے پوتے کو بجائے بیٹے کے دیا تو کون سا پاپ یعنی گناہ کیا۔ ہاں باپ نہ سہی لیکن بن بیر سنگھ کی شقاوت قلبی ظاہر ہو گی کہ اپنے بیٹے سے زیادہ محبت تھی اس کو بچالیا اور پوتے سے کم محبت تھی اسلئے اس کو نکال باہر کیا۔

دوم :۔ یہ کہ ہر شخص کو اپنے عزیز و اقارب سے محبت ہوتی ہے اور اپنے گھر اور مذہب سے الیست رکھتا ہے۔ رائے بسائی سنگھ اپنے دادا سے کہہ سکتے تھے کی دادا آپ کو ہم سے کیا دشمنی ہے جو آپ ہم کو گھر سے باہر نکالنے اور بے دھرم کرنے پر تلے اور تیار ہیں آخر گھر میں ہمارے سوا اور دوسرے لڑکے بھی موجود ہیں انکو بادشاہ کے حوالے کیوں نہیں کرتے ؟

برادران اہل ہنود کا یہ مشہور مقولہ ہے کہ '' آدھی دیہیں رائے بسائی آدھی دیہیں بھیکن خاں '' یعنی نصف اول عمر ہندو رہے نام رائے بسائی سنگھ اور نصف آخر عمر مسلمان ہوئے نام بھیکن خاں ہوا۔ اس وقت لوگوں کی عمر زیادہ ہوتی تھی مگر مان لیا جائے رائے بسائی سنگھ کی عمر سو برس کی تھی تو ان کا نصف پچاس برس ہوا اس پچاس برس کی ادھیڑ رائے بسائی سنگھ کو کون مجبور کر سکتا ہے کہ تم گھر سے باہر نکلو اور بے دھرم ہو جاؤ ان دلائل سے معلوم ہوا کہ بن بیر سنگھ نے رائے بسائی سنگھ کو بادشاہ کے حوالے نہیں کیا ہے بلکہ رائے بسائی سنگھ ادھیڑ عمر میں جس وقت مشرف بہ اسلام ہوئے تھے اس وقت غالباً ان کے دادا بن بیر سنگھ اور ان کے والد ماجد کھانڈے رائے سنگھ موجود ہی نہ تھے بلکہ ان کا انتقال ہو چکا تھا، ہاں رائے سنگھ صاحب اولاد تھے ان کے بیٹے ہری رام سنگھ وغیرہ موجود تھے اوہ اپنی خوشی سے تنہا مشرف بہ اسلام ہوئے بیٹے وغیرہ کو بھی مسلمان ہونے پر مجبور نہیں کیا۔ بلکہ اپنے آبائی مکان کو اپنے بیٹوں کے حوالے کر کے آپ خود اپنے علاقہ موضع چرہ محمد پور میں آبسے جیسا اوپر تحریر ہو چکا ہے۔

بادشاہ کے قانون کے متعلق عرض یہ ہے کہ شاید بادشاہ نے رعایا پروری کی غرض سے یہ قانون جاری کیا ہو کہ جس ہندو کے دو لڑکے ہوں ایک لڑکا فوج میں ملازمت یا دوسرے کاموں کیلئے حکومت کو دے اور دوسرے لڑکے کو اپنی خدمت میں رکھے یہ قرین قیاس ہے اور اس پر تاریخ شاہد ہے کہ راجہ بیربل اکبر بادشاہ کے خاص مصاحب تھے اور راجہ ٹوڈرمل صیغہ مالگزاری کے وزیر تھے۔ ہنر بچشم عداوت بزرگ ترعیبی ست، دشمنان اسلام وعدو ملک وملت نے اس سے چشم پوشی کر کے مسلمان بادشاہوں کو بدنام کرنے اور ان سے نفرت دلانے کے لئے یہ بہتان باندھے کہ '' مسلمان بادشاہ نے ہندوستان میں یہ قانون جاری کیا تھا کہ جس ہندو کے دو لڑکے ہوں ایک کو مسلمان ہونے کیلئے بادشاہ و کو دے '' تا کہ برادران اہل ہنود اس

کو سن کر مسلمان بادشاہوں مسلمانوں کو نفرت اور حقارت کی نظر سے دیکھیں اور آپس میں بغض وعداوت کی آگ ہمیشہ بھڑکتی رہے۔ واضح ہو کہ مسلمان بادشاہوں نے ہر گز کسی کو جبراً قہراً مسلمان نہیں کیا ہے بلکہ سب اپنی اپنی خوشی سے مسلمان ہوئے ہیں۔

(۴) یہ بھی غلط ہے کہ کسی انجمن کی طرف سے کسی مولوی نے ان کو مسلمان کیا ہے کیونکہ اگر کوئی مولوی ان کو مسلمان کرتا تو پہلے چوٹی کٹا تا اور جنیو توڑوا کر غسل کرا کے لباس بدلا کر کلمہ طیبہ پڑھاتا اور بھیکن خاں کے بجائے ان کا نام عبداللہ یا عبدالرحمٰن خاں رکھتا اور جملہ رسم ورواج کفر کے مٹانے اور دور کرنے کا حکم کرتا اور انکو پکّا مسلمان بناتا۔

اگر وہ باقاعدہ مسلمان ہوتے تو موضع چرہ محمد پور قدیمی جگہ ہے وہاں پر ان کے وقت کی ان کی بنائی ہوئی مسجد ضرور ہوتی جیسا کہ قبرستان میں ان کے وقت کی پختہ قبریں اب تک موجود تھیں۔ اب حال میں قدرت خاں نے اس کو اونچا کر کے احاطہ بنوا دیا ہے ان دلائل سے معلوم ہوا کہ رائے بسائی سنگھ نہ حکومت کے جور وظلم سے مسلمان ہوئے تھے اور نہ کسی انجمن کی کوشش سے بلکہ اپنی خوشی سے مسلمان ہوئے تھے۔

کاتب الحروف کے نزدیک ان کے مسلمان ہونے کی حقیقت غالباً یہ ہوگی کہ ہمیشہ سے یہ بات مشہور ہے کہ جب برادران اہل ہنود میں سے کسی پر نزع کی حالت سخت ہوتی ہے تو برہمن کو بلا کر ان کہی پڑھواتے ہیں.........ان کہی پڑھنے سے میت کی جان باآسانی نکل جاتی ہے ان کہی کی عبارت یہ ہے لا الـٰہا ہرنی پاپن الا الـٰہا پرم پدم جنم بیکنٹھ برآپ نیوتی توجنی نام محمدم یعنی لا الـٰہا پڑھنے سے ہٹتے ہیں پاپ اور الا الـٰہا کہنے سے پرم پدوی ملتی ہے جنم بیکنٹھ اگر چاہو تو نام محمدم (صلى الله عليه وسلم) کا وظیفہ کرو۔ ہمارے مورث اعلیٰ رائے بسائی سنگھ اس کا بار بار تجربہ اور مشاہدہ کر کے معتقد ہو چکے تھے اور در پردہ کلمہ طیبہ لا اله الا الله محمد رسول الله کا وظیفہ پڑھتے ہوئے اپنے کو مسلمان سمجھتے تھے لیکن کسی دنیاوی مصلحت کی وجہ سے اس کو ظاہر نہیں کرتے تھے اور اس فکر میں تھے کہ کسی موقع پر اس کو ظاہر کرنا ضروری ہے۔ اتفاقاً بادشاہ دہلی سے دورہ کرتے ہوئے اجودھیا تشریف لائے اور جہاں پر فیض آباد۔ آباد ہے وہاں پر کیمپ گڑا اور بادشاہ

ممدوح مقیم ہوئے اطراف و جوانب کے رؤسا و تعلقہ دار بادشاہ کی زیارت سے مشرف ہوئے ہمارے مورث اعلیٰ موصوف کوئی معمولی آدمی نہ تھے بلکہ اس زمانہ میں بہت بڑے زمیندار اور مال و دولت کے اعتبار سے ذی عزت سمجھے جاتے تھے وہ بھی بادشاہ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور بادشاہ ممدوح کو اپنا مہمان سمجھ کر کھانے کی دعوت دی۔ بادشاہ کو اس دعوت سے شبہ ہو کہ کہیں خدانخواستہ ایسا نہ ہو کہ دعوت کے بہانہ سے کھانے میں زہر ملا کر ہمارے مار ڈالنے کا ارادہ کیا ہو اس لئے اخلاقاً نہ تو دعوت کو شرف قبولیت سے نوازا اور نہ انکار کر کے ملال کا موقع دیا۔ بلکہ خندہ پیشانی سے فرمایا کہ اگر تم ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ گے تو تمہاری دعوت قبول ہے ورنہ نہیں۔

مورث اعلیٰ رائے بسائی سنگھ صاف دل آدمی تھے ساتھ میں کھانا کھانے کے لئے تیار ہو گئے۔ چنانچہ جب کھانے کا وقت آیا تو رائے بسائی سنگھ نے بادشاہ کے ہمراہ کھانا کھایا اور مشرف بہ اسلام ہونے کا اظہار کیا بادشاہ بہت ہی خوش ہوئے اور خان کے خطاب سے معزز کیا۔ بادشاہ دہلی واپس گئے اور رائے بسائی سنگھ یہاں بے دھرم اور قوم کے طعن بھیکن خاں کے نام سے مشہور ہوئے۔ گھر والے سخت پریشان تھے کہ اب کیا کریں مجبور ہوئے کیونکہ سناتن دھرم میں کسی غیر کو اپنے مذہب میں داخل کرنے کا کوئی طریقہ ہی نہ تھا بلکہ ان کا مقولہ ہے کہ جو برتن ٹوٹ گیا وہ جڑ نہیں سکتا یعنی جو ہندو بے دھرم ہو گیا وہ اب کسی طرح ہندو نہیں ہو سکتا۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

اس مسئلہ پر برادران سماجی کو فکر ہوئی کہ مثل مشہور ہے کہ بے سوتے کا کنواں بھی خشک ہو جاتا ہے اگر اس مسلہ پر عمل رہا تو مذہب ہندو دھرم دنیا سے کافور ہو جائیگا۔ اور اگر بالفرض والتقدیر باقی رہا تو یقیناً جماعت ہندو دھرم میں کمی ضرور آئے گی۔ پس انھوں نے مسلمانوں کی دیکھا دیکھی شدھی کا طریقہ جاری کیا۔ جاری تو کیا ہے مگر مسلمانوں کے برابر کبھی نہیں ہو سکتے۔

شدھی شدھ ہندو کے ساتھ برادران سماجی کا برتاؤ

جاننا چاہئے کہ برادران سماجی اگر کسی غیر کو شدھ کر کے ہندو بنایا ہے تو نہ اس کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں نہ اس کو اپنے پاس بیٹھاتے ہیں نہ اس کے ہمراہ مندر میں پوجا کرتے ہیں

سماجی بھائیوں کے نزدیک اس کی کوئی عزت ہی نہیں بلکہ اپنے قدیمی طریقہ سے اس سے پرہیز کرتے اور حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

ماسٹر عبد الغفور پنجابی اسلام سے مرتد ہوکر آریہ سماج میں داخل ہوکر دھرم پال کے نام سے مشہور ہوئے لیکن ان کی عزت نہ ہوئی اسی بداخلاقی کو دیکھ کر جھک مار کر پھر اسلام میں داخل ہوکر اپنے آپ کو غازی محمود کے نام سے مشہور کیا۔ بخلاف برادران سماجی کے ہم مسلمانوں کے یہاں جو اپنی خوشی سے آکر مسلمان ہوا مسلمانوں نے اس کو سینے سے لگایا اپنے پاس محبت سے بیٹھایا۔ اپنے دسترخوان پر اپنے ساتھ کھانا کھلایا۔ مسجد میں اپنے بغل میں کھڑا کر کے نماز پڑھوائی۔ غرض یہ کہ کسی طرح سے اس کو غیر نہ سمجھا۔

ہمارے اس قول کی آپ تصدیق کرنا چاہتے ہیں تو لایئے کسی حلال خور کو جو اپنی خوشی سے مسلمان ہونا چاہتا ہو تو ہم اس کو کلمہ طیبہ پڑھا کر مسلمان کرتے ہیں۔ اس کے بعد آپ دیکھیں گے کہ ہم اس کے ساتھ کیا معاملہ کرتے ہیں ہم اپنے دسترخوان پر بیٹھا کر اس کو کھانا کھلائیں گے ہم اس کا جھوٹا پانی پیئیں گے اور اپنا جھوٹا پانی اس کو پلائیں گے۔ مسجد میں اپنے بغل اس کو کھڑا کریں گے۔ غرض یہ کہ اس سے کسی طرح سے نفرت نہیں کریں گے۔

برادران سماجی بھی دل سے ہم مسلمانوں کی پاکی کے قائل ہیں اگرچہ زبان سے نہ کہیں

جاننا چاہئے کہ عام قاعدہ ہے کہ اگر کسی کے بدن یا کپڑے پر پاخانہ یا پیشاب وغیرہ نجاست لگ جاوے اور وہ ناپاک ہو جائے تو پاک پانی سے اس کو دھو کر پاک کریں گے اور اگر کوئی شخص اس نجاست کو پیشاب سے دھونے لگے تو جو اس کو دیکھے گا خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان اس کو بیوقوف بنائے گا اور کہے گا بھائی اس سے پاک وصاف تو کیا ہوگا بلکہ اور بڑھ جائیگا اور نجس ہوگا۔ یہ بات آپ کی سمجھ میں آگئی تو آپ طریقہ شدھی کو ملاحظہ فرمایئے۔

نعوذ باللہ اگر کوئی مسلمان خدانخواستہ مرتد ہوکر ہندو سماج میں داخل ہونا چاہے تو اس کا

طریقہ یہ ہے کہ پہلے اس کا داڑھی مونچھ منڈوایا جائے پھر اس کو دھوتی پہنا کر گاؤ موت ترے کا شربت پلا کر ہندو بنایا جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ انکے نزدیک مسلمان پاک ہے ان کو تعصب میں آکر گاؤ موت ترے اگائے کا شربت پلا کر ناپاک کرتے ہیں اور یہی وجہ اس سے نفرت کرنے کی ہے ورنہ اگر وہ مسلمان کو ناپاک سمجھتے اور پاک کر کے اپنے میں ملانا چاہتے تو کاتب الحروف کے نزدیک اس کا طریقہ یہ ہونا چاہئے تھا کہ پہلے اس کو مسہل دیکر اس کا پیٹ صاف کرتے بعد ازاں دودھ کا شربت بناتے اور اس میں گلاب وکیوڑہ ڈال کر اس کو پلا کر سماج میں داخل کرتے۔ حالانکہ ایسا نہیں کرتے بلکہ پاک شدہ آدمی کو ناپاک کرتے ہیں۔

اب مسلمانوں کے مسلمان کرنے کا طریقہ بھی ملاحظہ فرمائیے۔ مسلمانوں کے نزدیک برادران اہل ہنود کا قلب کفر وشرک سے ناپاک ہو رہا ہے اگر کوئی ہندو اپنی خوشی سے مسلمان ہونا چاہے تو مسلمان اس کی چوٹی کو کٹا کر جنیو کو توڑ کر غسل کرا کے پاک کپڑا پہنا کر دودھ کا شربت بنا کر گلاب وکیوڑہ ڈال کر اس کو پلا کے مسلمان نہیں کرتے بلکہ اس سے زیادہ جو دنیا و مـــا فیھا سے بڑھ کر کلمہ طیبہ لا الـہ الا الـلـہ محـمـد رسـول اللہ ہے اس کو پڑھا کر مسلمان کرتے ہیں اس کے پڑھنے سے وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک وصاف ہو جاتا ہے جیسا کہ وہ آج اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا الحاصل موئے دوف میں انصاف کی بات یہ ہے سماجی بھائی ہم مسلمانوں کے برابر کبھی نہیں ہوسکتے ایک ضمنی بات تھی جو تحریر میں آگئی۔

